بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

# ایکنک کا اجلاس کراچی، ملتان، لاہور موٹروے سمیت 440 ارب کے منصوبوں کی منظوری

## طلبا و طالبات میں ایک لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کیے جائیں گے، سکھر، ملتان موٹروے سیکشن پر 259/ارب روپے لاگت آئے گی، منصوبہ اکتوبر 2017ء تک مکمل کرلیا جائے گا

### گوادر فری ٹریڈ زون کے لیے زمین کی خریداری، جھم پیر اور گھارو میں ہوا سے 1756 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ بھی منظور، وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلے

اسلام آباد (نمائندہ جنگ / اے پی پی) قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی (ایکنک) نے طلبا و طالبات میں ایک لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کرنے ٬ کراچی ملتان لاہور موٹروے کے سکھر ملتان سیکشن سمیت 440/ارب سے زائد کے 12/ منصوبوں کی منظوری دیدی ، سکھر ، ملتان موٹروے سیکشن پر 259/ ارب روپے لاگت آئے گی اسے اکتوبر 2017 تک مکمل کرلیا جائے گا، گوادر فری ٹریڈ زون منصوبے کے لیے زمین کی خریداری، حسن ابدال حویلیاں ایکسپریس وے، قلات، چمن کوئٹہ روڈ کی تعمیر وبحالی ٬سندھ کا فلڈ ہنگامی پلان برائے تعمیر نو اور سندھ کے علاقے جھم پیر اور گھارو میں ہوا سے 1756 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کے منصوبوں کی بھی منظوری دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایکنک کا اجلاس جمعرات کو وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزیراعظم آفس میں ہوا جس میں ایکنک نے کراچی ملتان لاہور موٹروے منصوبے کے سکھر ملتان سیکشن کی تعمیر کی منظوری دی جس پر 353.259/ ارب روپے لاگت آئے گی۔ منصوبے کی لاگت کا دس فیصد سرکاری شعبہ کے ترقیاتی پروگرام جبکہ بقایا 90 فیصد لاگت چینی حکومت فراہم کرے گی۔ یہ منصوبہ اکتوبر 2017ء میں مکمل ہو جائے گا اور یہ منصوبہ این ایچ اے مکمل کرے گی۔ ایکنک نے 959 کلومیٹر کراچی لاہور موٹروے کے لیے اراضی کے حصول کے منصوبے کی بھی منظوری دی جس کی متناسب لاگت 51 ارب روپے ہے۔ ایکنک نے بلوچستان کا نسٹیبلری پراجیکٹ کے لیے 146.5/ ارب روپے کی منظوری دی۔ ایکنک نے پشتوں اور نہروں کے لیے فلڈ ایمرجنسی ری کنسٹر کشن پراجیکٹ کے نظر ثانی شدہ پی سی ون کی منظوری دی جس پر 905.26 ارب روپے لاگت آئے گی۔ ایکنک نے 277.11 ارب روپے کی نظر ثانی شدہ لاگت کے ٹھٹھہ اور جامشورو میں واقع جھم پیر اور گھارو ونڈ کلسٹر زمیں ونڈ پاور پلانٹس کے منصوبے کی بھی منظوری دی۔ یہ منصوبہ تین سال کی مدت میں مکمل ہو گا۔ منصوبے کے تحت 220 کلو واٹ اور 132 کلوواٹ ڈبل سرکٹ ٹرانسمیشن لائنز کے ذریعے 1756 میگاواٹ بجلی حاصل کی جائے گی۔ اجلاس میں گوادر میں 499.6 ارب روپے کی متناسب لاگت کے ساؤتھ فری ٹریڈ زون کے قیام کے لیے اراضی کے حصول کے منصوبے کی بھی منظوری دی گئی۔ منصوبے کے تحت گوادر پورٹ پر فری ٹریڈ زون کے قیام کے لیے 2281 ایکڑ اراضی حاصل کی جائے گی۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے

ウイルスバスター™モバイル ダウンロード2年版 この広告を見た方限定
5,637円(税込) → 4,790円(税込) 1ヵ月あたり約200円